D /Orders2022

249

# آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

**سیکرٹریٹ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن**

## حکم

جناب سیکرٹری ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر نے نظامت تحقیق وترقی نصاب کی جانب سے جماعت نہم اور انٹرمیڈیٹ (سال اول) کے لیے مضمون "فہم القرآن" کی بابت Assesment Scheme/سلیبس بمطابق ضمیمہ "الف" کی اجرائیگی کی منظوری صادر فرمائی ہے۔

سیکشن آفیسر E&SE

نمبر سیکرٹریٹ رای اینڈ ایس ای رڈی سی آر ڈی/8(61)/ 203-34169/2022 مورخہ 25 نومبر/2022

نقل بالا بخدمت:-

۱۔ جناب سیکرٹری ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر۔
۲۔ جناب سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر۔
۳۔ جناب ناظم اعلیٰ (مردانہ) ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مظفرآباد۔
۴۔ جناب ناظم اعلیٰ (نسواں) ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مظفرآباد۔
۵۔ جناب ناظم اعلیٰ تحقیق وترقی نصاب، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مظفرآباد۔
۶۔ جناب ناظم اعلیٰ تعلیم کالجز مظفرآباد۔
۷۔ جناب چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور۔
۸۔ جملہ ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان (مردانہ/نسواں)، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن۔
۹۔ جملہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان (مردانہ/نسواں)، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن۔
۱۰۔ ماسٹر فائل۔

25/11/22

سیکشن آفیسر E&SE

AZAD JAMMU & KASHMIR

# سمارٹ سلیبس

و

# ماڈل پیپر

# فہم القرآن

## نویں و گیارھویں جماعت

## برائے سیشن 23-2022ء


تیار کردہ

نظامتِ اعلیٰ تحقیق و ترقیِ نصاب، مظفر آباد

آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

نومبر 2022ء

# سمارٹ سلیبس "فہم القرآن" جماعت نہم (سیشن 23-2022ء)

## تصریحی جدول

| سبق نمبر | عنوان | منتخب آیات | صفحات | وقعت | مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| پارٹ۔1 | | | | | |
| 1 | سورۃ آل عمران | 1 تا 37 (37 آیات) | صفحہ 5 تا 18 (14 صفحات) | 12.85 | 6 |
| 2 | سورۃ آل عمران | 38 تا 77 (40 آیات) | صفحہ 19 تا 34 (18 صفحات) | 16.52 | 9 |
| 6 | سورۃ آل عمران وسورۃ النساء | 187 تا 200، 1 تا 12 (26 آیات) | صفحہ 86 تا 97 (17 صفحات) | 15.60 | 8 |
| 7 | سورۃ النساء | 13 تا 41 (29 آیات) | صفحہ 101 تا 117 (17 صفحات) | 15.60 | 8 |
| 8 | سورۃ النساء | 42 تا 75 (34 آیات) | صفحہ 118 تا 133 (16 صفحات) | 14.67 | 8 |
| 12 | سورۃ النساء وسورۃ المائدہ | 171 تا 176، 1 تا 13 (19 آیات) | صفحہ 179 تا 191 (13 صفحات) | 11.92 | 5 |
| 13 | سورۃ المائدہ | 14 تا 41 (28 آیات) | صفحہ 192 تا 204 (14 صفحات) | 12.84 | 6 |
| **کل میزان** | | **213** | **109** | **100** | **50** |

جماعت نہم "فہم القرآن" حصہ اول ودوم کل 410 صفحات اور کل 942 آیات پر مشتمل ہے۔ سمارٹ سلیبس میں کل 109 صفحات اور 213 آیات تجویز کی گئی ہیں۔

## حصہ معروضی

### سوال 1: کثیر الانتخابی سوالات (10 نمبر)

- اس سوال میں فہم القرآن جماعت نہم پارٹ 1 میں کل دس کثیر الانتخابی سوالات شامل ہوں گے اور ہر جز کے لیے چار آپشنز دیے جائیں گے۔ سوالات متذکرہ بالا منتخب آیات کی روشنی میں مرتب کیے جائیں گے۔ ہر جز کے لیے ایک نمبر مختص ہو گا۔

## حصہ انشائیہ

### سوال 2: مختصر سوالات (20 نمبر)

- اس میں مجوزہ اسباق کی منتخب کردہ آیات میں سے کل پندرہ (15) سوالات شامل ہوں گے جن میں سے طلبہ کو صرف دس (10) سوالوں کے جواب دینا ہوں گے۔ ہر سوال کے درست جواب کے لیے دو (2) نمبر مختص ہوں گے۔

### سوال 3: قرآنی آیات کا ترجمہ (10 نمبر)

- اس میں مجوزہ اسباق کی منتخب کردہ آیات میں سے چھ (6) قرآنی آیات دے کر ان میں سے کوئی سی چار آیات کا ترجمہ لکھنا ہو گا۔ ہر آیت کے درست ترجمے کے لیے اڑھائی (2.5) نمبر مختص ہوں گے۔

### سوال 4: تفصیلی جوابوں والے سوال (10 نمبر)

- اس میں مجوزہ اسباق کی منتخب کردہ آیات میں سے کل چار (4) سوالات شامل ہوں گے جن میں سے طلبہ کو صرف دو (2) سوالوں کے جواب دینا ہوں گے۔ ہر سوال کے درست جواب کے لیے پانچ (5) نمبر مختص ہوں گے۔

# نمونے کا پرچہ "فہم القرآن" جماعت نہم

## حصہ معروضی

وقت:15منٹ — کل نمبر10

رول نمبر ہندسوں میں:.................................. دستخط امیدوار:...............

رول نمبر الفاظ میں:.................................. دستخط نائب ناظم:...............

**نوٹ:** اپنا رول نمبر اور دستخط اسی پرچے میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجیے۔ تمام سوالات اسی پرچے پر ہر سوال کے لیے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجیے۔کاٹ کر یا مٹا کر لکھے گئے جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

**سوال 1۔ درج ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست ترین جواب پر () لگائیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | فرقان سے مراد ایسی کتاب ہے جو فرق کرے: | ہدایت وگمراہی میں | حق وباطل میں | خیر وشر میں | علم وجہالت میں |
| 2 | سماجی معاملات میں سماجی ذمے داریوں کو کہا گیا ہے: | حدود اللہ | رحمت اللہ | حقوق اللہ | سنت اللہ |
| 3 | "تیمم" کا معنیٰ ہے: | پاکی | مٹی | وضو | قصد |
| 4 | قابیل اور ہابیل آپس کے رشتے میں تھے: | چچازاد | ماموں زاد | دوست | بھائی |
| 5 | "تراب" سے مراد ہے: | مٹی | پانی | ہوا | آگ |

**نوٹ:** اسی نمونے کے مطابق مجوزہ اسباق کی منتخب کردہ آیاتِ قرآنی میں سے کل دس اجزا شامل کیے جائیں۔

## حصہ انشائیہ فہم القرآن نہم جماعت

وقت:75منٹ — **مختصر سوالات** — کل نمبر:40

**سوال 2۔ درج ذیل سوالوں میں سے کوئی سے دس سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20=2×10)**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | قرآن مجید میں محبت رسولؐ کے لیے کیا پیمانہ مقرر کیا گیا ہے؟ | 2 | صلہ رحمی کے فوائد لکھیے۔ |
| 3 | حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین کے متعلق یہود و نصاریٰ کو قرآن مجید نے کیا جواب دیا؟ | 4 | "یا هل الكتاب تعالوا الى كلمة سواء بيننا و بينكم" کی روشنی میں "مکالمہ بین المذاہب" کے آداب لکھیے۔ |
| 5 | قرآن مجید میں بڑے گناہوں سے بچنے کا کیا صلہ بیان کیا گیا ہے؟ | 6 | اللہ تعالیٰ کے انعام یافتہ بندے کون کون سے ہیں؟ |
| 7 | "یا ایها الذین امنوا اوفوا با لعقود" کا کیا مفہوم ہے؟ | 8 | انسانی جان کی حرمت کے لیے قرآن مجید کا کیا موقف ہے؟ |

**نوٹ:** اسی نمونے کے مطابق مجوزہ اسباق کی منتخب آیاتِ قرآنی میں سے کل پندرہ (15) سوالات شامل کیے جائیں۔

## آیاتِ قرآنی کا ترجمہ

**سوال 3۔ درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کوئی سی چار آیات کا ترجمہ لکھیے۔** **(10=2.5×4)**

1۔ قل ان کنتم تحبون الله فاتبعونی یحببکم الله و یغفر لکم ذنوبک والله غفور الرحیم۔

2۔ واعبدوالله ولا تشرکوا بہ شیا وبا لوالدین احسانا و بذی القربی والیتمی و المساکین والجار ذی القربی والجار الجنب والصاحب با لجنب و ابن السبیل و ما ملکت ایمانکم ان الله لا یحب من کان مختالا فخورا۔

3۔ یا یھا لذین امنوا کونوا قوامین لله شھدا ء با لقسط و لا یجر منکم شنان قوم علی الا تعد لوا اعدلوا ھو اقرب للتقوی و اتقو ا لله ان الله خبیر بما تعملون۔

(**نوٹ:** اسی نمونے کے مطابق مجوزہ اسباق کی منتخب آیات میں سے چھے (6) آیاتِ قرآنی شامل کی جائیں۔)

**سوال 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے دو سوالوں کے تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔** **(10=2×5)**

1۔ پیسوں کی خاطر حق بات چھپانے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے کیا سزائیں تجویز کی ہیں؟ نیز قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے معیشت اور تجارت میں کن امور سے بچنے کا حکم دیا ہے؟ (5=2.5×2)

2۔ توبہ کی شرائط لکھیے اور اسلام کے تعزیراتی قوانین میں قتل غارت اور لوٹ کھسوٹ کی سزاؤں کی فہرست بنایے۔ (3+2=5)

(**نوٹ:** اسی نمونے کے مطابق مجوزہ اسباق کی منتخب آیات میں سے چار (4) سوالات شامل کیے جائیں۔)

## کلید ماڈل پیپر "فہم القرآن" جماعت نہم

**سوال 1۔ کثیر الانتخابی سوال**

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
|---|---|---|---|---|
| ب | الف | د | د | الف |

**سوال 2۔ (مختصر جوابات): مفہوم واضح ہو تو جواب درست مان کر پورے نمبر دیے جائیں۔**

| | |
|---|---|
| 1 | اتباع و پیرویِ رسول اکرم ﷺ |
| 2 | حدیث میں آتا ہے کہ "جس کو یہ بات پسند ہو کہ اس کے رزق میں کشادگی اور عمر دراز ہو تو اسے چاہیے کہ وہ صلہ رحمی کرے۔" |
| 3 | حضرت ابراہیم علیہ السلام نہ تو مشرک تھے اور نہ ہی یہودی یا نصرانی بل کہ آپ علیہ السلام سیدھے، سچے اور فرماں بردار مسلمان تھے۔ |
| 4 | مشترکات پر بات کی جائے نہ کہ اختلافات پر یعنی مشترکہ عقائد: توحید، رسالت، آخرت، وغیرہ |
| 5 | یہ کہ انسان خود کو بڑے گناہوں (کفر و شرک، قتل، سود، تہمت لگانا، ترکِ فرائض، وغیرہ) سے بچالے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے چھوٹے گناہ معاف کر دیں گے۔ |
| 6 | انبیائے کرام، صدیقین، شہداء، صالحین |
| 7 | اہل ایمان کی نمایاں صفت یہ ہے کہ وہ اپنے قول و قرار، معاہدوں اور وعدوں کی پاس داری کرتے ہیں۔ |
| 8 | جس نے ایک شخص کو قتل کیا گویا اس نے انسانیت کو قتل کیا اور جس نے ایک جان کو بچایا تو گویا اس نے تمام انسانیت کو بچالیا۔ |

## سوال 3۔ آیاتِ قرآنی کا ترجمہ

| | |
|---|---|
| 1 | سبق 1، پارہ 3، سورۃ آلِ عمران، آیت 31 کے ترجمے سے ہم آہنگی دیکھی جائے۔ |
| 2 | سبق 7، پارہ 5 سورۃ النساء آیت 36 کے ترجمے سے ہم آہنگی دیکھی جائے۔ |
| 3 | سبق 12، پارہ 6، سورۃ المائدہ، آیت 8 کے ترجمے سے ہم آہنگی دیکھی جائے۔ |

## سوال 4۔ تفصیلی سوالات

| | |
|---|---|
| 1 | اس سوال کے لیے کل پانچ نمبر مختص ہیں۔ سوال دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ہر حصے میں پانچ اجزا ہیں اور ہر حصے کے لیے اڑھائی نمبر مختص کیے گئے ہیں۔ ہر درست جز پر آدھا نمبر دیا جائے۔<br>سوال کے پہلے حصے میں پیسوں کی خاطر حق بات چھپانے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی تجویز کردہ پانچ سزاؤں (آخرت میں کوئی حصہ نہیں، قیامت میں اللہ تعالیٰ ان سے کلام نہیں کرے گا، ان کو نظرِ رحمت سے نہیں دیکھے گا، ان کے گناہ نہیں بخشے گا، انھیں دوزخ میں ڈال دے گا) سے متعلق پوچھا گیا ہے۔<br>سوال کے دوسرے حصے میں معیشت اور تجارت میں اللہ تعالیٰ نے پانچ امور (دھوکا دہی، سود خوری، جوا، مال کمانے کے ناجائز ذرائع، دوسروں کی رضامندی کے بغیر ان کے مال کا استعمال) سے بچنے کا حکم دیا ہے، کے متعلق پوچھا گیا ہے۔ |
| 2 | اس سوال کے لیے کل پانچ نمبر مختص ہیں۔ پہلے حصے کے درست جواب پر تین اور دوسرے حصے کے درست جواب پر دو نمبر دیے جائیں گے۔<br>سوال دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں تین اجزا توبہ کی شرائط (اپنے کیے پر ندامت، گناہ چھوڑنے کا عزم، اپنی غلطی کی معافی اور تلافی) ہیں۔ ان کے درست اندراج پر تین نمبر دیے جائیں۔<br>سوال کے دوسرے حصے میں قتل وغارت اور لوٹ کھسوٹ کی چار سزاؤں (اگر قتل کرے اور مال نہ لوٹے تو قصاص میں قتل کیا جائے، اگر قتل کیا ہو اور مال بھی لوٹا ہو تو سولی دیا جائے، قتل نہ کیا ہو بل کہ صرف مال چھینا ہو تا ہاتھ پاؤں کاٹے جائیں، اگر دونوں جرائم کرنے سے پہلے پکڑا جائے تو جلاوطن کر دیا جائے) کے درست اندراج پر آدھا آدھا نمبر دیا جائے۔ |

## سمارٹ سلیبس "فہم القرآن" گیارھویں جماعت (سیشن 23-2022ء)

### تصریحی جدول

| سبق نمبر | عنوان | منتخب آیات | صفحات | وقعت | مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| پارٹ۔1 | | | | | |
| 1 | سورۃ الانبیاء | 1 تا 57 (57 آیات) | صفحہ 5 تا 19 (14 صفحات) | 11.66 | 5 |
| 3 | سورۃ الحج | 1 تا 37 (37 آیات) | صفحہ 34 تا 47 (14 صفحات) | 11.66 | 8 |
| 5 | سورۃ المومنون | 1 تا 74 (74 آیات) | صفحہ 62 تا 75 (14 صفحات) | 11.66 | 7 |
| 8،7،6 | سورۃ النور | 1 تا 64 (64 آیات) | صفحہ 83 تا 109 (27 صفحات) | 22.52 | 7 |
| 8 | سورۃ الفرقان | 1 تا 20 (20 آیات) | صفحہ 109 تا 115 (06 صفحات) | 05.00 | 7 |
| 10 | سورۃ الشعراء | 1 تا 117 (117 آیات) | صفحہ 129 تا 143 (15 صفحات) | 12.50 | 4 |
| 12 | سورۃ النمل | 1 تا 59 (59 آیات) | صفحہ 157 تا 170 (14 صفحات) | 11.66 | 5 |
| 14،13 | سورۃ القصص | 1 تا 50 (50 آیات) | صفحہ 178 تا 193 (16 صفحات) | 13.34 | 7 |
| **کل میزان** | | **478** | **120** | **100** | **50** |

گیارھویں جماعت "فہم القرآن" حصہ اول و دوم کل 397 صفحات اور کل 819 آیات پر مشتمل ہے۔ سمارٹ سلیبس میں کل 120 صفحات اور 478 آیات تجویز کی گئی ہیں۔

### حصہ معروضی

**سوال 1: کثیر الانتخابی سوالات (10 نمبر)**

- اس سوال میں فہم القرآن گیارھویں جماعت پارٹ 1 میں کل دس کثیر الانتخابی سوالات شامل ہوں گے اور ہر جز کے لیے چار آپشنز دیے جائیں گے۔ سوالات متذکرہ بالا منتخب آیات کی روشنی میں مرتب کیے جائیں گے۔
- ہر جز کے لیے ایک نمبر مختص ہو گا۔

### حصہ انشائیہ

**سوال 2: مختصر سوالات (20 نمبر)**

- اس میں مجوزہ اسباق کی منتخب کردہ آیات میں سے کل پندرہ (15) سوالات شامل ہوں گے جن میں سے طلبہ کو صرف دس (10) سوالوں کے جواب دینا ہوں گے۔
- ہر سوال کے درست جواب کے لیے دو (2) نمبر مختص ہوں گے۔

**سوال 3: قرآنی آیات کا ترجمہ (10 نمبر)**

- اس میں مجوزہ اسباق کی منتخب کردہ آیات میں سے چھے (6) قرآنی آیات دے کر ان میں سے کوئی سی چار آیات کا ترجمہ لکھنا ہو گا۔ ہر آیت کے درست ترجمے کے لیے اڑھائی (2.5) نمبر مختص ہوں گے۔

**سوال 4: تفصیلی جوابوں والے سوال (10 نمبر)**

- اس میں مجوزہ اسباق کی منتخب کردہ آیات میں سے کل چار (4) سوالات شامل ہوں گے جن میں سے طلبہ کو صرف دو (2) سوالوں کے جواب دینا ہوں گے۔ ہر سوال کے درست جواب کے لیے پانچ (5) نمبر مختص ہوں گے۔

## نمونے کا پرچہ "فہم القرآن" گیارھویں جماعت

## حصہ معروضی

وقت: 15 منٹ　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر 10

رول نمبر ہندسوں میں:--------------------------　　　　دستخط امیدوار:-------------

رول نمبر الفاظ میں:---------------------------　　　　دستخط نائب ناظم:-------------

**نوٹ:** اپنا رول نمبر اور دستخط اسی پرچے میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجیے۔ تمام سوالات اسی پرچے پر ہر سوال کے لیے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجیے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھے گئے جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

**سوال 1۔ درج ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست ترین جواب پر () لگائیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مومنین سبقت لے جاتے ہیں: | نیکیاں کرنے میں | صدقہ کرنے میں | زکوۃ دینے میں | خیرات کرنے میں |
| 2 | باغات، چشموں، خزانوں اور عمدہ ٹھکانوں سے سرکشی کی بنا پر نکال باہر کیا گیا: | نمرود کو | فرعون کو | ہامان کو | قارون کو |
| 3 | قرآن مجید میں مسلمانوں کے حقوق ہیں: | دو | تین | چار | پانچ |
| 4 | "جذ و ۃ" کا مطلب ہے: | شعلہ | راکھ | چنگاری | انگارہ |
| 5 | حق و باطل میں امتیاز کرنے والی کتاب ہے: | فرقان | ذکر | بیان | ھُدٰی |

**نوٹ:** اسی نمونے کے مطابق مجوزہ اسباق کی منتخب کردہ آیاتِ قرآنی میں سے کل دس اجزا شامل کیے جائیں۔

## حصہ انشائیہ فہم القرآن گیارھویں جماعت

وقت: 75 منٹ　　　　　　**مختصر سوالات**　　　　　　کل نمبر: 40

**سوال 2۔ درج ذیل سوالوں میں سے کوئی سے دس سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20=2×10)**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | قلبِ سلیم سے کیا مراد ہے؟ | 2 | "رب انی لما انزلت الی من خیر فقیر" کا مفہوم لکھیے۔ |
| 3 | معذور افراد کے کھانے سے متعلق قرآن مجید نے کیا ہدایت دی ہے؟ | 4 | حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے دربار میں کون سے دو معجزات پیش کیے؟ |
| 5 | "لعان" سے کیا مراد ہے؟ | 6 | "هيهات هيهات لما تو عدون" کا ترجمہ لکھیے۔ |
| 7 | قومِ لوط پر کیسا عذاب آیا؟ | 8 | ارکانِ حج کون کون سے ہیں؟ |

**نوٹ:** اسی نمونے کے مطابق مجوزہ اسباق کی منتخب آیاتِ قرآنی میں سے کل پندرہ (15) سوالات شامل کیے جائیں۔

## آیاتِ قرآنی کا ترجمہ

**سوال 3۔ درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کوئی سی چار آیات کا ترجمہ لکھیے۔** **(10=2.5×4)**

1۔ الم تر ان اللہ یسجد لہ من فی السموات و من فی الارض و الشمس و القمر و النجوم و الجبال و االشجر و الدواب و کثیر من الناس و کثیر حق علیہ العذاب و من یھن اللہ فما لہ من مکرم ان اللہ یفعل ما یشاء۔

2۔ والذین ھم لا منتھم و عھد ھم رعون و الذین ھم علیٰ صلوتھم یحافظون اولئک ھم الوارثون الذین یرثون الفردوس ھم فیھا خالدون

3۔قالت ان الملوک اذا دخلوا قریۃ افسدوا ھا و جعلوا اعزۃ اھلھا اذلۃ و کذالک یفعلون و انی مر سلۃ الیھم بھدیۃ فنظرۃ بم یرجع المرسلون

(**نوٹ:** اسی نمونے کے مطابق مجوزہ اسباق کی منتخب آیات میں سے چھ (6) آیاتِ قرآنی شامل کی جائیں۔)

**سوال 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے دو سوالوں کے تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔** **(10=2×5)**

1۔ سورۃ الانبیاء کی روشنی میں سائنسی تحقیقات اور نظریات کی چند مثالیں تحریر کیجیے۔ (5)

2۔ سورۃ النور کا مفصل تعارف لکھیے۔ (5)

(**نوٹ:** اسی نمونے کے مطابق مجوزہ اسباق کی منتخب آیات میں سے چار (4) سوالات شامل کیے جائیں۔)

## کلید ماڈل پیپر "فہم القرآن" جماعت نہم

**سوال 1۔ کثیر الانتخابی سوال**

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
|---|---|---|---|---|
| الف | ب | د | ج | الف |

**سوال 2۔ (مختصر جوابات): مفہوم واضح ہو تو جواب درست مان کر پورے نمبر دیے جائیں۔**

| | |
|---|---|
| 1 | ایسا دل جو کفر و شرک، فسق و فجور اور نافرمانی کے جذبات سے پاک ہو۔ |
| 2 | میرے مالک تیری طرف سے مجھے جو بھی بھلائی ملے، میں اس کا حاجت مند ہوں۔ |
| 3 | وہ آزاد معاش کے اہل نہیں لہذا خاندان کے ہر گھر سے کھا سکتے ہیں اور خاندان نہ ہونے کی صورت میں جہاں سے بھی ملے کھا سکتے ہیں۔ |
| 4 | "ید بیضا" اور "عصا" |
| 5 | سورۃ النور آیت 6 تا 9 کے تناظر میں سوال کا جواب جانچا جائے۔ |
| 6 | سورۃ المومنین آیت 36 کے ترجمے سے ہم آہنگ جواب قبول کر لیا جائے۔ |
| 7 | قومِ لوط پر بارش کی طرح پتھروں کے برسنے کا عذاب آیا۔ |
| 8 | احرام باندھنا، کعبۃ اللہ کا طواف کرنا اور وقوفِ عرفات۔ |

## سوال3۔ آیاتِ قرآنی کا ترجمہ

| | |
|---|---|
| 1 | سبق 3، پارہ17، سورۃ الحج، آیت 18 کے ترجمے سے ہم آہنگی دیکھی جائے۔ |
| 2 | سبق5، پارہ18 سورۃ المومنون آیات 8 تا11 کے ترجمے سے ہم آہنگی دیکھی جائے۔ |
| 3 | سبق12، پارہ 19، سورۃ النمل، آیات 34، 35 کے ترجمے سے ہم آہنگی دیکھی جائے۔ |

## سوال4۔ تفصیلی سوالات

| | |
|---|---|
| 1 | سبق2، سورۃ الانبیاء آیات 30، 31 کی روشنی میں جواب پر کھا جائے۔ |
| 2 | سبق6، سورۃ النور صفحہ 83 پر درج سورۃ کے تفصیلی تعارف سے مطابقت دیکھی جائے۔ |